# ROSHAN DIGITAL ACCOUNT

دور رہ کر بھی پاس

An Initiative of State Bank of Pakistan



ROSHAN APNA GHAR

ROSHAN APNI CAR

ROSHAN SAMAAJI KHIDMAT

www.sbp.org.pk

روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ کے بارے میں مزید معلومات یا سوالات کیلئے آپ ہمیں ای میل کرسکتے ہیں۔

RDASupport@sbp.org.pk

اسٹیٹ بینک آف پاکستان، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی پاکستان

یواے این نمبر 111-727-111، www.sbp.org.pk

Updated till 30-01-2023

48 گھنٹے

میں اکاؤنٹ کھلوائیں

## اکاؤنٹ کھولنے کا طریقہ

1۔ اکاؤنٹ کھولنے کیلئے نیچے دکھائے گئے بینکوں میں سے کسی ایک کومنتخب کریں۔آپ براہِ راست اِن بینکوں کی ویب سائٹ پر بھی جاسکتے ہیں یا ہمارے ویب پیج پر دیے گئے ان بینکوں کے لنک سے بھی مدد لے سکتے ہیں https://www.sbp.org.pk/RDA/index.html

2۔ ڈجیٹل طور پر اکاؤنٹ کھولنے کے فارم کو پُر کرنے کے لیے منتخب بینک کی ویب سائٹ پر جائیں۔

3۔ ڈجیٹل اکاؤنٹ کی نوعیت منتخب کریں۔غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹ یا پاکستانی روپیہ اکاؤنٹ۔

4۔ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے آپ کو کم از کم درج ذیل دستاویزات کی اسکین شدہ نقول اپ لوڈ کرنے کی ضرورت ہوگی

الف ) قومی کمپیوٹرائزاڈ شناختی کارڈ/قومی شناختی کارڈ برائے اوورسیز پاکستانی / پاکستان اوریجن کارڈ

ب ) پاسپورٹ (پاکستانی اور/ یا غیرملکی)

ج ) غیرمقیم حیثیت(Non-resident status) کا ثبوت

د ) آئی آر ایس ایف اے ٹی سی اے (IRS FATCA) فارم (صرف امریکہ میں مقیم صارفین کے لیے)

ہ ) پیشے اور آمدنی/ رقم کے حصول کے ماخذ کا ثبوت۔مثلاً درج ذیل دستاویزات میں سے کوئی ایک:

- تنخواہ دار افراد کے لیے: ایمپلائمنٹ لیٹر، سیلری سلپ یا بینک اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ
- کاروباری افراد کے لیے: کاروبار کی رجسٹریشن کے کاغذات، بزنس لیٹر ہیڈ یا بینک اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ

5۔ آپ سے ایک ڈجیٹل تصویر طلب کی جائے گی جو فارم پُر کرنے کے وقت لی جائے گی اور براہ راست اپ لوڈ کی جائے گی۔

6۔ اکاؤنٹ کھلنے کی تصدیقی ای میل 48 گھنٹوں میں موصول ہوجائے گی۔

7۔ اکاؤنٹ کھلنے کے بعد، آپ اپنے رہائشی ملک سے بینکنگ چینلز کے ذریعہ اکاؤنٹ میں رقوم منتقل کرسکتے ہیں۔

## پاکستان میں بینکاری کا نیا دور

روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ، پاکستان میں کام کرنے والے کمرشل بینکوں کے اشتراک سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا ایک اہم اقدام ہے۔ یہ اکاؤنٹس لاکھوں غیر مقیم پاکستانیوں (این آر پیز) کے لیے بینکاری کے جدید اختراعی حل فراہم کرتے ہیں جو پاکستان میں بینکاری، ادائیگی اور سرمایہ کاری کی سرگرمیاں انجام دینے کے خواہاں ہیں۔




## مکمل طور پر ڈجیٹل اکاؤنٹ کھولنا اور اس کے افعال

پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار، این آر پیز کو کسی بینک کی برانچ میں جائے بغیر دور رہتے ہوئے مکمل طور پر ڈجیٹل اور آن لائن پراسس کے ذریعے پاکستان میں اکاؤنٹ کھولنے کا موقع فراہم کیا جارہا ہے۔ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے چند بنیادی معلومات اور دستاویزات ہی درکار ہوں گی۔ بینکوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ صارفین کی ضروری مستعدی (due diligence) کے عمل کو 48 گھنٹوں کے اندر مکمل کریں۔



## لائف اسٹائل بینکاری

روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ اس طرح بیرونِ ملک پاکستانیوں کو پاکستان کے بینکاری اور ادائیگی کے نظام سے مکمل طور پر منسلک کرے گا:

- فنڈز کی منتقلی، بلوں اور فیسوں کی ادائیگیوں، اور ای کامرس سمیت تمام روایتی اکاؤنٹ سروسز تک ڈجیٹل رسائی کی فراہمی۔
- حکومت پاکستان کی جانب سے نہایت پُرکشش، خطرے سے پاک شرحوں پر، ڈالر، برطانوی پاؤنڈ، یورو اور پاکستانی روپے میں جاری کیے جانے والے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس (این پی سیز) میں غیر مقیم پاکستانیوں کو روایتی اور شریعت سے ہم آہنگ طریقوں میں سرمایہ کاری کے قابل بنانا۔ این پی سی کے منافع پر صرف اور صرف 10 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس عائد ہوگا۔ ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ مقیم پاکستانی، جو بیرونِ ملک اپنے اثاثے ایف بی آر میں ظاہر کر چکے ہیں، وہ بھی ڈالر، برطانوی پاؤنڈ، اور یورو کی مالیت والے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے وہ پاکستان میں کسی بینک کی برانچ جا کر فارن کرنسی میں اپنا روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں۔

سالانہ شرح منافع (فیصد)

| | سہ ماہی | ششماہی | سالانہ | 3 سالہ | 5 سالہ |
|---|---|---|---|---|---|
| امریکی ڈالر | 7.00 | 7.20 | 7.50 | 8.00 | 8.00 |
| برطانوی پاؤنڈ | 5.50 | 6.00 | 7.00 | 7.50 | 7.50 |
| یورو | 4.00 | 4.50 | 5.00 | 6.50 | 6.50 |
| پاکستانی روپیہ | 15.00 | 15.25 | 15.50 | 14.00 | 13.50 |

نوٹ: اسلامی نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کے لیے منافع کی حقیقی شرحوں کا تخمینہ متعلقہ مہینے کے حقیقی مالی اعداد و شمار کی بنیاد پر مضاربہ کے اسلامی اصولوں کے مطابق لگایا جائے گا۔

- پاکستان کی اسٹاک مارکیٹ میں بولی کردہ حصص اور فنڈز کے یونٹس میں سرمایہ کاری کے قابل بنانا۔
- میوچل فنڈز (اوپن اینڈڈ اسکیموں) میں سرمایہ کاری کرنا
- پاکستانی پراپرٹی مارکیٹ، بشمول کمرشل اور رہائشی ریئل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع دستیاب ہیں۔
- نان ریزیڈنٹ پاکستانی اب پاکستان میں بینکوں سے پرکشش نرخوں پر روایتی یا شریعت سے ہم آہنگ طریقے سے پراپرٹی کی خریداری کے لئے قرضے حاصل کرسکتے ہیں
- نان ریزیڈنٹ پاکستانیوں کو پاکستان میں اپنے عزیزوں کے لیے پرکشش شرحوں پر بینک فنانسنگ کے ذریعے روشن اپنی کار سہولت کے تحت اپنی مرضی کی کار حاصل کرنے کے قابل بنانا۔
- ایک باسہولت ون اسٹاپ ادائیگی پلیٹ فارم کے ذریعے روشن سماجی خدمت کے تحت پاکستان میں خیراتی اداروں کو عطیات یا زکواۃ دینے کی سہولت فراہم کرنا۔

## فارن کرنسی اور پاکستانی روپے دونوں میں اکاؤنٹس دستیاب

صارف فارن کرنسی یا روپیہ مالیت والے اکاؤنٹس میں سے کسی ایک، یا دونوں کا انتخاب کرسکتا ہے۔ این آر پیز کے لیے یہ اکاؤنٹس interoperable ہوں گے اور فارن کرنسی سے پاکستانی روپوں میں اور پاکستانی روپے سے فارن کرنسی میں ریئل ٹائم آن لائن تبادلے کے قابل بنائیں گے۔

## مکمل طور پر منتقلی کے قابل

اسٹیٹ بینک یا متعلقہ بینک سے کوئی بھی منظوری لیے بغیر اکاؤنٹ میں موجود فنڈز پاکستان سے واپس بھیجے جاسکتے ہیں۔

## نیا پاکستان سرٹیفکیٹس

نیا پاکستان سرٹیفکیٹس (این پی سیز)، ڈالر، برطانوی پاؤنڈ، یورو اور پاکستانی روپے میں جاری کیے جانے والے ریاستی آلات ہیں جنہیں حکومت پاکستان بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے جاری کرتی ہے۔ مقیم پاکستانی، جو بیرونِ ملک اپنے اثاثے ایف بی آر میں ظاہر کر چکے ہیں، وہ بھی ڈالر، برطانوی پاؤنڈ، اور یورو کی مالیت والے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے وہ پاکستان میں کسی بینک کی برانچ جا کر فارن کرنسی میں اپنا روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں۔

### اسپیشل سرٹیفکیٹس

امریکی ڈالر، برطانوی پاؤنڈ، یورو اور پاکستانی روپے کے بلز، جنہیں وزارت خزانہ جاری کرتا ہے، اور جن کا انتظام اسٹیٹ بینک کرتا ہے۔

### مختلف میعادیں

3، 6 اور 12 مہینے؛ 3، 5 سال
جلد نقد کرانے کی اجازت

### نہایت پُرکشش
### خطرے سے پاک منافع

امریکی ڈالر: 7، 7.2، 7.5، 8، 8 فیصد
برطانوی پاؤنڈ: 5.5، 6، 7، 7.5، 7.5 فیصد
یورو: 4، 4.5، 5، 6.5، 6.5 فیصد
پاکستانی روپیہ 15، 15.25، 15.5، 14، 13.5 فیصد
(سالانہ)

### سادہ ٹیکس

ٹیکس فائلنگ کی ضرورت نہیں
صرف 10 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس

### شریعت سے ہم آہنگ

روایتی اور شریعت سے ہم آہنگ دونوں سرٹیفکیٹس دستیاب ہیں

### مکمل طور پر قابل منتقلی

فنڈز کی بیرون ملک ترسیل کے لیے منظوری درکار نہیں